سادہ

سہولت

سہارا

سلامتی

سیلری سیونگز

سکون

صلہ

ثمر

سہل

شاندار

سادہ
Saada

خالص مالیاتی تحفظ کا منصوبہ

DFT
DAWOOD FAMILY TAKAFUL
Partner for Life

تکافل کیا ہے؟

تکافل انشورنس کی ایک اسلامی شکل ہے جس کی بنیاد معاملات ، اسلامی قواعد و ضوابط پر عمل پیرا ہونے پر ہے۔ تکافل بنیادی طور پر اسلامی انشورنس کا ایک نظام ہے جو باہمی تعاوُن اور تبرع کے اصول پر مبنی ہے۔جہاں رسک کو اجتماعی طور پر شراکت داروں کے گروہوں کے مابین شیئر کیا جاتا ہے۔ لفظ "تکافل" عربی فعل "کفالہ" سے ماخوذ ہے ،جس کا مطلب ضمانت دینے اور کسی کی ضرورت کا خیال رکھنے کے ہیں۔

تکافل اور روایتی انشورنس میں فرق

روایتی انشورنس میں ، رسک ایک پارٹی سے دوسری پارٹی کو منتقل ہوتا ہے۔ انشورنس پالیسی لے کر ، ایک فرد بنیادی طور پر انشورنس کمپنی سے بیمہ کار سے جاری پریمیم کے بدلے میں مکمل رسک کو قبول کرنے کے لئے کہتا ہے۔

جبکہ تکافل میں، خطرہ یا رسک کو باہمی طور پر تقسیم کر دیا جاتا ہے : اگر کوئی ناگہانی پیش آتی ہے جس سے ایک ممبر کو نقصان ہوتا ہے تو ، تمام اراکین اس نقصان کے بوجھ کو مل کر برداشت کرتے ہیں اور اس پر قابو پانے میں اپنا حصہ ڈالتے ہیں۔ تکافل ممبران مساوات ، یکجہتی ، سماجی ذمہ داری ، اور ایمانداری کی بنیاد پر تعاون کرتے ہیں۔

تعارف
داؤد فیملی تکافل لمیٹڈ

داؤد فیملی تکافل لمیٹڈ بطور ایک غیر مندرج مفاد عامہ کمپنی مورخہ 4 مئی 2007 کو کمپنیز آرڈیننس 1984 کے تحت قائم کی گئی۔ یہ پاکستان میں فیملی تکافل کی خدمات پیش کرنے والی اوّلین کمپنیوں میں شامل ہے۔ داؤد فیملی تکافل میں ہمارا نقطۂ نظر اور خواہش یہ ہے کہ ہم مالیاتی تحفظ کی بہترین خدمات کو اسلامی طریقۂ کار کے مطابق ہر شخص تک پہنچا سکیں۔فرسٹ داؤد گروپ آف کمپنیز کے ایک ممبر کی حیثیت سے ، داؤد فیملی تکافل لمیٹڈ نے اپنے معزز کسٹمرز سے کیے گئے وعدوں کی بروقت تکمیل کے لیے اور اپنے کاروباری شراکت داروں کے اعتماد کی یقین دہانی کے لئے مضبوط سرمایہ کاری کی بنیاد کے تحت منظم کیا ہے۔

سادہ
Saada

خالص مالیاتی تحفظ کا منصوبہ

DFT
DAWOOD FAMILY TAKAFUL
Partner for Life

پلان کے فوائد اور نمایاں خصوصیات

اضافی اختیاری معاہدہ

مناسب اضافی تبرع کی ادائیگی کر کے ضمنی معاہدوں کو بنیادی تحفظ کے ساتھ شامل کیا جاسکتا ہے

مسابقتی زرِ شمولیت

روزانہ صرف پانچ روپے کی بچت کر کے پانچ لاکھ روپے تک کا تکافل پلان حاصل کر سکتے ہیں۔

انتقال کی صورت میں لواحقین کو مالی فوائد

زرِ تحفظ، پلس
وقف سے سرپلس کی ادائیگی (اگر کوئی ہو تو)

انتظار کا دورانیہ

پلان کے آغاز کی تاریخ سے تیس دنوں کے انتظار کا اطلاق ہوگا، اس دوران خدانخواستہ حادثاتی موت ہونے کی صورت میں زرِ تحفظ کی ادائیگی کی جائے گی۔تاہم بیماری سے متعلق تکافل کوریج، انتظار کا دورانیہ ختم ہونے پر ہی مؤثر ہوگا۔

سرپلس کے حصول کے لیے اہلیت

سرپلس ان تمام شرکاء پر قابلِ تقسیم ہوگا، جنہوں نے کم از کم چار سال کی زرِ شمولیت کی مکمل ادائیگی کی ہوگی۔

سادہ تکافل پلان

خالص مالیاتی تحفظ کا منصوبہ

زندگی میں کسی بھی ناگہانی سے نبرد آزما ہونے کے لیے مستقبل کی منصوبہ بندی کی ضرورت ہوتی ہے۔

سادہ تکافل پلان ایک خالص تحفظ کا منصوبہ ہے جو آپ کی ضرورت کے مطابق آپ کو آپ کے منتخب شدہ مدت تک کے لئے جامع اور وسیع تر تحفظ فراہم کرتا ہے۔

سادہ پلان کی خصوصیات ایک نظر میں

مدتِ شمولیت اور اہلیت

کم از کم		زیادہ سے زیادہ
۱۸ سال	شمولیت کے لیے عمر	۶۰ سال
۲۳ سال	تکمیلِ معیاد کی عمر	۶۵ سال
۵ سال	سرٹیفیکٹ کی میعاد	۲۰ سال یا ۶۵ سال کی عمر تک

contactus@dawoodtakaful.com
111 DFT (338) 786
www.dawoodtakaful.com

DFT
DAWOOD FAMILY TAKAFUL
Partner for Life

سادہ تکافل پلان

خالص مالیاتی تحفظ کا منصوبہ

زرِ تحفظ کی حد

کم از کم	پچاس ہزار روپے
زیادہ سے زیادہ	پلان کی نوعیت پر منحصر

زرِ شمولیت کی حد

کم از کم	ایک ہزار روپے
زیادہ سے زیادہ	کوئی حد نہیں (پلان کی نوعیت پر منحصر)

اضافی اختیاری معاہدے

مندرجہ ذیل اضافی معاہدے اور نئے متعارف کردہ اضافی معاہدوں (اگر کوئی ہوں) کو آپ اپنے پلان کے ساتھ شامل کر سکتے ہیں؛

- حادثاتی موت کا معاہدہ (ADB)
- اخراجاتِ تجہیز و تکفین کا معاہدہ (FEB)

سادہ تکافل پلان

خالص مالیاتی تحفظ کا منصوبہ

مفت ملاحظہ کی سہولت

سرٹیفکیٹ جاری ہونے کے 14 دن کے اندر معاہدے کو منسوخ کروایا جاسکتا ہے اور اس صورت میں آپ کی ادا شدہ رقم (میڈیکل فیس کو کاٹنے کے بعد ۔اگر کوئی ہو تو) واپس کردی جائیگی۔

زرِشمولیت کی مثال

عمر	۳۰ سال
سرٹیفکیٹ کی میعاد	۵ سال
تکمیلِ میعاد کے وقت عمر	۳۵ سال
زرِ تحفظ	پانچ لاکھ روپے
سالانہ زرِشمولیت	*دو ہزار دو سو پچانوے روپے

*یہ زرشمولیت کی ایک عارضی مثال ہے ۔اصل زرِ شمولیت عواملِ رسک کی بنیاد پر مختلف ہوسکتی ہے۔

عالمگیر خصوصیات

وقف سرپلس

وقف کے تمام اخراجات کو منہا کرنے کے بعد وقف فنڈ میں موجود رقم (اضافیہ یا سرپلس) اس وقف فنڈ کے موقوف علیہم (شرکاء یا Participants) کے لئے ہی مختص ہے ۔ اور اسے متناسب شرح سے ان کے درمیان تقسیم کردیا جاتا ہے۔

ٹیکس کریڈٹ

سالانہ زرِ شمولیت کی ادائیگی پر انکم ٹیکس میں رعایت کا فائدہ اٹھایئے۔

ارکانِ شرعی بورڈ

مفتی منیب الرحمٰن (چیئرمین)۔

مفتی سید صابر حسین (ممبر)۔

مفتی سید زاہد سراج (ممبر)۔

شریعہ کمپلائنٹ

شرعی احکام کے مطابق مالی تحفظ۔

اعلانِ دستبرداری

یہ بروشر" سادہ پلان " کے عمومی خلاصہ پر مبنی ہے۔ برائے مہربانی تکافل فولڈ کی بنیادی خصوصیات کو جاننے اور اپنی سرمایہ کاری کے انتخاب سے متعلق مالی خطرات کی آگہی کے لئے اسے غور سے پڑھیئے ۔ شرکت کا فیصلہ کرنے سے پہلے بہترین رائے کے لئے ہمارے تکافل ماہرین سے ضرور مشورہ کیجئے۔

اس بروشر کے مندرجات کے جملہ حقوق داؤد فیملی تکافل لمیٹڈ کی ملکیت ہیں۔ اس بروشر میں درج شدہ اطلاعات یا شرائط و ضوابط کے مفہوم میں کسی اختلاف ، ابہام یا تصادم کی صورت میں (PMD) کی دستاویز کو حتمی گردانا جائے گا۔ ان مندرجات کی اشاعت یا نقل سختی سے ممنوع ہے۔

DFT
DAWOOD FAMILY TAKAFUL
Partner for Life

1701-A, Saima Trade Towers,
I.I. Chundrigar Road, Karachi

contactus@dawoodtakaful.com

(+9221) 32277188

www.dawoodtakaful.com

DawoodFamilyTakafulOfficial

(021) 111 DFT(338) 786

For more Information SMS: 8144